کیلنڈر

کیلنڈر کا استعمال

✦ اس سال کا کیلنڈر دیکھو۔ ذیل کی جدول میں معلومات لکھو۔

اکتوبر کے مہینے میں آنے والے تہوار	اگست کے مہینے میں چھٹّیوں کے دن	کرسمس دسمبر کی ۵ تاریخ کے کتنے دن بعد آتی ہے؟	جون کے مہینے میں اتوار کو آنے والی تاریخیں

جنوری ۲۰۱۵ء

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	سنیچر
				۱	۲	۳
۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷
۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱



آج ۱۵ جنوری ہے۔
رؤحی کی سالگرہ میں جانا ہے۔
یاد ہے نا؟

رؤحی کو سال گرہ کی دِلی مبارک باد!



سلمٰی : تمھاری پیدائش کس سال ہوئی؟

رؤحی : میرا یومِ پیدائش پندرہ جنوری دو ہزار پانچ ہے۔

اکرم : آج ۱۵ جنوری ۲۰۱۵ء ہے یعنی آج رؤحی دس سال کی ہوگئی۔

سلمٰی : میرا یومِ پیدائش ۱۲ مارچ ۲۰۰۶ء ہے۔ آج میری عمر پُورے پُورے سالوں میں ۸ سال ہے۔

اکرم : یعنی تمھاری سال گرہ ۱۲ مارچ ۲۰۱۵ء کو آئے گی۔ اس دن تم ۹ سال کی ہوجاؤ گی۔

عمر معلوم کرنے کے لیے پیدائش کے اگلے سال سے جاری سال کے آنے تک گننا چاہیے۔

✦ دی ہوئی تاریخِ پیدائش کے لیے اس سال کی سال گرہ کے دن مکمل سال میں ہونے والی عمر ذیل کے جدول میں لکھو۔

نام	صابرہ	موہن	احمد	سجن سنگھ
تاریخِ پیدائش	۱۸-۷-۲۰۰۲	۱۴-۵-۲۰۰۰	۰۱-۰۲-۲۰۰۳	۱۳-۷-۱۹۷۷
عمر				

✦ تمھارے گھر کے اشخاص کی تاریخِ پیدائش لکھ کر جدول مکمل کرو۔

شخص	تاریخِ پیدائش	۲۵ ویں سال گرہ کی تاریخ	موجودہ عمر (مکمل سال میں)	۴۰ ویں سال گرہ کی تاریخ
امّاں				
ابّا				
باجی				
بھائی صاحب				

✦ معلومات حاصل کرو۔

- کس کی سال گرہ ہر چار سال میں آتی ہے؟ کیوں؟
- تمھارا پسندیدہ تہوار کون سا ہے؟ پچھلے سال وہ کس تاریخ کو تھا؟ اس سال کس تاریخ کو ہے؟
- کیلنڈر کی مختلف قسمیں۔
- مکمل سال میں، مہینوں میں، دنوں میں عمر کس طرح معلوم کرتے ہیں؟
- ہمارا ملک ۱۵/اگست ۱۹۴۷ء کو آزاد ہوا۔ تو اپنے ملک کو آزادی ملے کتنے مکمل سال ہو گئے؟
- بھارت نے آریہ بھٹ نامی مصنوعی سیارہ خلا میں بھیجا۔ اس واقعہ کو ۲۰۰۵ء میں ۳۰ سال پورے ہو گئے تو وہ سیارہ کس سال چھوڑا گیا تھا؟
- 'عظیم بھارتی ریاضی داں رامانجن کی پیدائش کی صدی سن ۱۹۸۷ء میں منائی گئی'۔ اس جملے کا کیا مطلب ہے؟